# اللہ کے ننانوے یعنی ایک کم ایک سو نام ہیں، جو ان کی حفاظت کرے گا، وہ جنت میں داخل ہوگا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "اللہ کے ننانوے یعنی ایک کم ایک سو نام ہیں، جو ان کی حفاظت کرے گا، وہ جنت میں داخل ہوگا"
[صحیح] [متفق علیہ]

اس حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اللہ کے ناموں میں سے ننانوے نام ایسے ہیں کہ جو ان کی حفاظت کرے گا، ان پر ایمان رکھے گا اور ان کے ایسے مدلولات پر عمل کرے گا، جو اللہ سبحانہ و تعالی کے ساتھ خاص نہیں ہیں، تو اس کے لیے جنت ہے یہاں یہ بتا دیں کہ اللہ کے ان ناموں میں سے کسی بھی نام کی قسم کھانا جائز ہے اور اس سے قسم واقع بھی ہو جائے گی چنانچہ وہ قسم، جسے توڑنے پر کفارہ واجب ہوتا ہے، وہ قسم ہے، جو اللہ کی، رحمن کی اور رحیم کی یا اس کی کسی صفت کی، جیسے اس کے چہرے، اس کی عظمت وجلال اور عزت کی کھائی جائے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/64673